بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اداریہ

یہ حقیقت کسی سے مخفی نہیں کہ عرصہ دراز سے اردو میں صحیح معنوں میں اسلامی تحقیقاتی جلّات کی کمی محسوس کی جارہی تھی۔ جدید دور کی تحقیق اور تخلیق نے اہل علم کے سامنے کئی نئے مسائل پیش کئے ہیں اور اب وقت کا تقاضا ہے کہ ماہرین علوم اسلامیہ ان مسائل کا حل تلاش کریں اور اسکے بارے علمی اور تحقیقی مضامین لکھ کر ان کا حل پیش کریں اور علمی حلقوں میں شعور وآگہی کو فروغ دیں۔ ان مسائل پر علمی دنیا میں کافی حدتک کام شروع ہے۔ الحمد للہ کہ پاکستان میں بھی دیگر ممالک کی طرح مختلف سطحوں پر علمی کاوشیں جاری ہیں۔ پاکستان میں اگرچہ مختلف دینی، علمی، تبلیغی، اصلاحی مجلّات موجود ہیں لیکن خالصۃً علمی بنیادوں پر ایک جامع رسالے کی ضرورت شدت سے محسوس کی جارہی تھی۔ جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان بنوں سے کافی عرصہ سے یہ تقاضا کیا جارہا ہے کہ بنوں فقہی کانفرنسوں اور مجالس کے تسلسل کیلئے مدلل مضامین پر مشتمل سہ ماہی مباحث اسلامیہ کا اجراء کیا جائے تا کہ اس رسالے کے ذریعہ ملک وبیرون ملک اہل علم کے تحقیقات منظر عام پر آسکیں اور اس سے علمی استفادہ حاصل ہو اور امت مسلمہ کو دور جدید کے درپیش علمی، نظریاتی اور اقتصادی مسائل کا حل پیش کیا جاسکے اور ہمارے جدید اہل تحقیق کے حوصلہ افزائی کا باعث بنے۔ اسی مقصد کو سامنے رکھ کر ''مباحث اسلامیہ'' کے نام سے اُردو میں ایک سہ ماہی تحقیقی مؤقر مجلّہ کا اجراء کیا جارہا ہے جو مختلف فقہی مجالس و مذاکرات و کانفرنس اور علمی سفارشات اور مقالات کے اشاعت کا ذریعہ ہوگا۔ یہ مجلّہ ایک باقاعدہ ادارتی مجلس کے تحت چلایا جائیگا جس میں قومی اور بین الاقوامی سطح کے جیّد علماء کرام اور دانشور حضرات کے مضامین شامل ہوں گے۔

ہم اہل علم وتحقیق کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ مباحث اسلامیہ کے ذریعہ درج ذیل عنوانات کو اپنی تحریروں میں ترجیح دیں۔ جو کہ اس مجلّہ کے صفحات کی زینت بن سکتے ہیں۔

1 ...... جدید فقہی مسائل پر علمی وتحقیقی مباحث پیش کرنا۔

2 ...... دور حاضر میں اجتماعی اجتہاد کے تصور کا علمی جائزہ۔

3 ...... امت مسلمہ کو درپیش جدید مسائل کا فقہی حل۔

4 ...... سائنس اور ٹیکنالوجی کی تحقیق سے پیش شدہ مسائل کا فقہی جائزہ۔

5 ...... سودی الائشوں سے پاک اسلامی مالیاتی نظام کا ممکنہ قیام۔

6 ...... طب جدید کی تحقیق سے اعضاء کی پیوند کاری۔

7 ...... انسانی کلوننگ۔

8 ...... ضبط ولادت سروگیٹ مادر وغیرہ پر علمی بحث۔

9 ...... فقہی مواد کی تشکیل جدید۔

10 ......مختلف عقود کی ضمن میں ربوااور قمار کی موجودگی کی شرعی نقطہ نگاہ سے اسلامی اقتصادی نظام ومعاشی نظام کیطرف ممکنہ پیش رفت

11 ...... کرنسی تبادلہ، بیمہ، پرائز بانڈ اور جدید تجارتی مسائل کا شرعی جائزہ۔

12 ...... بیع حقوق ومنافع، لیٹر آف کریڈٹ، کمپنی کے حصص، انکم ٹیکس وغیرہ پر فقہی بحث۔

13 ...... انسانی حقوق کے ڈھنڈورے کا جائزہ اور اسلام میں انسانی حقوق۔

14 ...... اسلامی نظام کے نفاذ میں موانع کا تعیین اور انہیں دور کرنے کیلئے تجاویز۔

15 ...... اختلاف مطالع وحدت رمضان وعیدین اور دور حاضر میں رؤیت ہلال کے قضیہ کے حل کیلئے تجاویز۔

16 ...... دعوت وتبلیغ کا شرعی طریقہ کار اور وقت کے تقاضوں کے موافق ضروری مسائل وواقعات پر بحث۔

17 ...... علوم اسلامیہ کی اشاعت وترویج اور اسلامی نظام تعلیم وتربیت پر ضروری بحث۔

18 ...... مدارس عربیہ ومراکز اسلامیہ کی تشکیل وترقی وتحفظ میں ممکنہ کردار۔

19 ...... دیگر بہت سے حل طلب مسائل پر اہل علم کے باقاعدہ علمی وتحقیقی مقالے شائع کرنا اور ایک متفقہ رائے قائم کرنے کی کوشش میں تعاون کا جذبہ پیدا کرنا۔

محترم اہل علم وتحقیق سے گزارش ہے کہ وہ بالا اور ان جیسے وقت کی اہم موضوعات پر قلم اٹھائیں جسے ہم تشنگان علوم اسلامیہ کے استفادہ اور تحقیق کے فروغ اور درپیش مسائل کے حل کیلئے مجلّہ میں باقاعدہ شائع کریں گے۔

یہ بھی ملحوظ نظر رہے کہ یہ کوشش آخری نہیں بلکہ اس طرف ایک قدم ہے جس کو آگے بڑھانے میں اہل علم کے تحقیقی وتحریری تعاون کی شدید ضرورت ہے۔ یہ بھی واضح رہے کہ ادارہ کا مقالہ نگار حضرات کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ کسی بھی تحقیقی موضوع پر ایک سے زائد رائے بھی آسکتے ہیں۔ آخری فیصلہ اہل علم اجتماعی طور سے کرسکیں گے۔

امید ہے کہ اہل علم ہماری ان گزارشات پر توجہ دے کر اس مشکل کام میں ہمارا ساتھ دیں گے۔ **واجركم على الله وندعو الله تعالى ان يوفق الجميع لما فيه خير الاسلام والمسلمين .**

اخوکم فی اللہ

(مولانا) سید نصیب علی شاہ الہاشمی

ممبر قومی اسمبلی ومہتمم جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان